# ON TO 2050

**شکاگو خطے کے مستقبل کے لیے**
**ایک جامع پلان**

شکاگو میٹروپولیٹن ایجنسی برائے پلاننگ (CMAP) جامع علاقائی منصوبہ بندی انجام دیتی ہے، نقل و حمل میں سرمایہ کاری کو ترجیح دیتی ہے، کمیونٹیز کو تکنیکی امداد فراہم کرتی ہے، اور معلومات کے ایسے وسائل جمع کرتی ہے جن سے پورے کُک، ڈوپیج، کین، کینڈال، لیک، میک ہنری، اور وِل کاونٹیز میں فیصلہ سازی کو بہتر بناتی ہے۔

اس علاقہ کے ایوارڈ یافتہ GO TO 2040 پلان سے استفادہ کرتے ہوئے، CMAP اور اس کے پارٹنرز نے ON TO 2050 کی تیاری تقریباً مکمل کر لی ہے، جو شکاگو لینڈ کی سبھی 284 کمیونٹیز میں پائیدار خوشحالی کے لیے حکمت عملی کی سفارش کرے گا۔ ڈرافٹ ON TO 2050 پلان کو عوامی تبصرے کے لیے 15 جون سے 14 اگست 2018 تک شائع کیا جائے گا، اور 10 اکتوبر 2018 کو CMAP بورڈ اور MPO پالیسی کمیٹی اسے اختیار کریں گے۔

تین بنیادی اصول ON TO 2050 کی ہر اس سفارش کی اطلاع دیں گے جو کمیونٹی، خوشحالی، ماحولیات، حکومت اور نقل پذیری کے منصوبے کے اہداف کی پیروی نہ کرتی ہو۔

## تین اصول

بہت سارے اقدامات کے ذریعے، شکاگولینڈ ان مستقل کے چیلینجوں کی وجہ سے اپنے ہم پلہ خطوں سے پیچھے ہے جن کے لیے طویل مدتی حل درکار ہیں۔ ان چیلینجوں کو پورا کرنے کے لیے، ON TO 2050 تین جامع اصولوں پر زور دے رہا ہے۔ مجموعی ترقی، لچکداری، اور ترجیحی سرمایہ کاری:

### مجموعی ترقی: سبھی کے لیے مواقع کے توسط سے اقتصادیات کو فروغ دیں

جو خطّے نسل، آمدنی یا بیک گراونڈ سے قطع نظر باشندگان کو منصفانہ اقتصادی مواقع فراہم کرتے ہیں، ان کے لیے خوشحالی کی مدت طویل اور مستحکم ہوتی ہے اور جمود کی مدتیں مختصر۔ ایک خطے کی حیثیت سے، ہمیں فعال اقدام کر کے ان کمیونٹیز کے لیے دروازے کھولنے چاہیئں جنہیں کئی نسلوں سے مواقع نصیب نہیں ہوئے ہیں۔

### لچکداری: معلوم اور نامعلوم دونوں کے لیے تیز رفتار تبدیلیوں کی تیاری کریں

ہمارے خطے اور اس کی کمیونٹیز کو لازماً مستقبل کے چیلینج—معلوم اور نامعلوم دونوں—کا اندازہ لگانا چاہیے اور اس کے مطابق تبدیلی کرنی چاہیے، آب و ہوا، تجارت، ٹیکنالوجی اور دیگر عوامل کی بناء پر۔ ساتھ مل کر کام کرتے ہوئے، ہم گہرے صدمات اور پرانے تناؤ سے جلدی ابھرنے کی تیاری کر سکتے ہیں۔

### ترجیحی سرمایہ کاری: زیادہ سے زیادہ فوائد کے حصول کے لیے وسائل کا درست استعمال کریں

مرکزی اور ریاستی مالیات کا فروغ اگرچہ زیادہ غیر یقینی ہوتا ہے، لیکن بنیادی ڈھانچہ اور خدمات کی لاگت بڑھتی رہتی ہے۔ چونکہ وسائل بہت محدود ہیں، اس لیے حکومتی سرمایہ کاری میں محتاط ربط درکار ہوتا ہے تا کہ ہمارے باشندگان کو اس کا زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل ہو سکے۔

### کمیونٹی: جہاں ہم رہتے ہیں اس جگہ کو مستحکم کرنا

ON TO 2050 خطے کو اور اس کی کمیونٹیز کو مزید مستحکم بنائے گا اور اس کے لیے وسائل کا درست استعمال کیا جائے گا، منصوبہ بندی کو بہتر بنایا جائے گا، مالی اور اقتصادی مسائل پر ساتھ مل کر کام کرنے کی حوصلہ افزائی کی جائے گی، عمدہ کوالٹی کی کھلی جگہ اور کاشت کاری املاک کا تحفظ کیا جائے گا اور رہائشی کے انتخاب کو فروغ دیا جائے گا۔

اہداف

- منصوبہ بند اور پائیدار ترقیات
- متحرک کمیونٹیز کے لیے دوبارہ سرمایہ کاری
- وہ ترقی جو مقامی اور علاقائی اقتصادیات کی مضبوطی کی حمایت کرے

## خوشحالی: اقتصادیات کو فروغ دینا

ON TO 2050 اقتصادیات کی عدم مساوات کو کم کر کے ہمارے خطے کو اس قابل بنائے گا کہ وہ دنیا بھر میں مقابلہ کر سکے اور بقاء حاصل کر سکے، جس کے لیے تجدید کاری کے وسیع مواقع اور آگے بڑھنے کے مزید راستے درکار ہیں۔

اہداف

- مضبوط اقتصادی ترقی جو عدم مساوات کو کم کرے
- جواب دہ، حکمت عملی پر کاربند کارکن اور اقتصادی ترقیات

## ماحول: قدرتی اور مصنوعی املاک کی ربط بندی

ON TO 2050 کا نصب العین ایک ایسا مستقبل ہے جہاں ترقیاتی عمل اور بنیادی ڈھانچے میں قدرتی مناظر شامل ہوں اور صحت مندانہ ماحولیات کا خیال رکھا گیا ہو، تا کہ خطے کو اور اس کی کمیونٹیز کو متوقع موسمیات کے اثرات کا مقابلہ کرنے کے لیے زیادہ قابل بنایا جا سکے۔

اہداف

- موسمیات میں تبدیلی کے لیے تیار کیا گیا خطہ
- پانی کے وسائل کا جامع حل
- ترقیاتی طرزعمل جو قدرتی وسائل کا تحفظ کرے

## گورننس: ساتھ ملکر مؤثر طریقے سے کام کرنا

ON TO 2050 سبھی حکومتی سطحوں کی لیڈرشپ پر منحصر ہے، جو سروسز اور بنیادی ڈھانچہ جو باشندگان اور کاروباریوں کو درکار ہے، اس کے لیے دستیاب محدود فنڈ کا استعمال تمام خطوں میں کرنے کے لیے باہمی تعاون پر زور دیتا ہے۔

اہداف

- حکومت کی سبھی سطحوں پر شراکت داری
- عمدہ معیار کی زندگی فراہم کرنے کی صلاحیت
- معلومات پر مشتمل اور شفاف سرمایہ کاری کے فیصلے

## نقل و حرکت: نقل و حمل کے ذرائع تک رسائی میں اضافہ

ON TO 2050 سفارش کرتا ہے کہ آج کے مسائل سے نمٹنے کے لیے اور نقل و حمل کے ایک جامع نظام کے لیے بڑے اقدامات کئے جائیں تاکہ میٹروپولیٹن شکاگوکی سات کاونٹیز میں لوگوں کا اور سازوسامان کا آسانی سے نقل و حمل ہو سکے۔

### اہداف

- ایک جدید، مختلف ماڈل والا نظام جو سفر کے بدلتے تقاضوں کے مطابق کام کر سکے
- ایک ایسا نظام جو ہر کسی کے لیے بہتر کام کرے
- تبدیلی ساز سرمایہ کاری کرنا

## CMAP کے بارے میں

CMAP کا قیام 2006 میں ہماری کمیونٹیز اور خطے کی بقا میں مدد کرنے کے لیے کیا گیا تھا۔ بہت سارے پارٹنرز کے ساتھ مل کر، یہ ایجنسی شکاگو کو مندرجہ ذیل طریقے سے زیادہ مقابلہ جاتی بنانے کی کوشش کرتی ہے:

- عوامی سرمایہ کاری کی رہنمائی جس میں نقل و حمل کے ذرائع، پانی، کھلی خالی جگہ، اور رہائش گاہیں شامل ہیں۔
- بہتر فیصلے کے لیے رجحانات کا تجزیہ کر نا، جس میں ڈیموگرافکس، اقتصادیات، کارکن اور ٹیکس پالیسی شامل ہیں۔
- وسیع تر مقاصد کے حصول کے لیے اتفاق رائے قائم کرنا۔

CMAP مندرجہ ذیل کے ذریعے مقامی منصوبہ بندی کی بھی حمایت کرتا ہے:

- امداد کو کمیونٹیز کی ضرورت کے مطابق بنانا۔
- خود انحصاری کو فروغ دینا۔
- مقامی فائدے کے لیے علاقائی سرمایے کا استعمال کرنا۔

اور CMAP مندرجہ ذیل عمل کے ذریعے زندگی کی کوالٹی کو بہتر بنانے کی کوشش کرتا ہے:

- قدرتی وسائل کو بہتر بنانا جن میں ہوا، پانی، پارک، اور کھلی خالی جگہیں شامل ہیں۔
- سبھوں کے لیے رہائش گاہوں کے اختیارات کو فروغ دینا۔
- سفر کو محفوظ، آسان، اور قابل بھروسہ بنانا خواہ یہ کار کے ذریعہ، عبوری، بائیک کے ذریعہ یا پیدل سفر ہو۔

233 South Wacker Drive, Suite 800
Chicago, Illinois 60606
312-454-0400
info@cmap.illinois.gov

www.cmap.illinois.gov